© rasailojaraid.com

بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (البقرہ: ۱۱۲)

لیکن ہاں جس نے خدا کے آگے سر تسلیم خم کر دیا اور وہ نیکو کار بھی ہے تو اس کے لیے اس کا اجر اس کے پروردگار کے یہاں ہے اور ایسے لوگوں پر نہ خوف طاری ہوگا اور نہ وہ آزردہ خاطر ہوں گے۔

# التعلیق الصبیح علی مشکوۃ المصابیح

تالیف جناب مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی

مشکوٰۃ شریف علم حدیث کی مشہور مستند کتابوں میں سے ہے جسمیں صحاح ستہ اور دوسری معتبر کتب حدیث کا عطر نکال کر رکھدیا گیا ہے۔ فاضل مولف نے عربی زبان میں اس کی شرح لکھی ہے جس کے متعلق مولانا انور شاہ صاحب مرحوم و مغفور جیسے علامۂ اجل کی شہادت ہے کہ اب تک اس کتاب کی اس سے بہتر شرح نہیں لکھی گئی۔ اس میں پچھلی تمام شرحوں کی خوبیاں جمع کر دی گئی ہیں۔ اور ان پر حسب ذیل خصوصیات کا اضافہ کیا گیا ہے:۔

۱۔ اسرار شریعت اور حقائق و معارف اسلامیہ کے بیان کی طرف خاص توجہ کی گئی ہے۔

۲۔ ہر باب کی ابتدا میں اس کے مضمون کے لحاظ سے تمام آیات قرانیہ جمع کر دی گئی ہیں تاکہ حدیث اور قرآن کے درمیان مطابقت واضح ہو جائے۔

۳۔ صحابہ و تابعین کے مذہب مفصل بیان کیے گئے ہیں اور اختلافی مسائل میں ائمۂ اربعہ کے مذاہب پر مفصل بحث کی گئی ہے۔

یہ کتاب فاضل مؤلف نے خود دمشق جا کر چھپوائی ہے۔ کاغذ اور طباعت بہترین ہے۔ چار جلدیں طبع ہو چکی ہیں دو جلدیں عنقریب چھپ کر آنے والی ہیں قیمت عہ کلدار۔ عسہ حالی علاوہ محصولڈاک

**دفتر ترجمان القران سے طلب فرمائیے**

© rasailojaraid.com